# 03-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔درجہ فہرست ذاتوں کی ذیلی درجہ بندی سے متعلق ایک رکنی عدالتی کمیشن آج اپنی رپورٹ کابینی سب کمیٹی کو پیش کردی۔

۲۔مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے لئے ریلوے بجٹ میں 5 ہزار 337 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

۳۔کانگریس کے سینئر لیڈر اور تلنگانہ حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی جانب سے کئے گئے ذات پات کے سروے میں 4 فیصد مسلم ریزرویشن کے تحفظ کے لئے مضبوط ثبوت فراہم کیا ہے۔

اور

۴۔پارلیمنٹ کے مشترکہ سیشن سے صدر جمہوریہ کے خطاب پران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پیش کی گئی تحریک پر راجیہ سبھا میں آج مباحث شروع ہوئے۔

OO

درجہ فہرست ذاتوں کی ذیلی درجہ بندی سے متعلق ایک رکنی عدالتی کمیشن آج اپنی رپورٹ کابینی سب کمیٹی کو پیش کردے گا۔سکریٹریٹ میں وزیر آبپاشی کے چیمبر میں یہ رپورٹ پیش کی جائے گی۔رپورٹ پیش کئے جانے کے بعد سب کمیٹی کا چیرمین اتم کمار ریڈی کی صدارت میں اجلاس ہوگا۔جس میں رپورٹ پر غور کیا جائے گا اور ریاستی کابینہ کے لئے سفارشات تیار کی جائیں گی۔ ریاستی کابینہ کا اجلاس کل صبح 10 بجے منعقد ہونے والا ہے، جس میں عدالتی کمیشن کی رپورٹ اور سب کمیٹی کی سفارشات رکھی جائیں گی۔ ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ اس اقدام سے ریاست میں درجہ بندی کے عمل سے متعلق پالیسی فیصلوں میں اہم رول ادا کیا جائے گا۔اِس دوران ریاستی اسمبلی اور کونسل کا کل خصوصی سیشن ہوگا جس میں اہم امور پر غور وخوص کیا جائے گا۔ان میں پسماندہ طبقات کے لئے تحفظات اور درجہ فہرست ذاتوں کی ذیلی درجہ بندی بھی شامل ہے۔اسمبلی کے سکریٹری وی نرسمہا چاری کی جانب سے جاری کئے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق یہ اجلاس صبح 11 بجے شروع ہوگا۔اسمبلی کے اسپیکر اور کونسل کے چیرمین نے شیڈول کی تصدیق کردی اور تمام ایم ایل ایز اور ایم ایل سیز کو خصوصی مکتوبات کے ذریعہ سیشن کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے۔

OO

بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا نے ریاستی حکومت کی جانب سے پسماندہ طبقات کی آبادی سے متعلق جاری کئے گئے اعداد وشمار پر اپنے شکوک و شبہات کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ عوامی جائزہ کے لئے اعداد وشمار منظر عام پر لائیں۔انہوں نے کہا کہ مجالس مقامی کے انتخابات میں حکومت کو چاہئے کہ وہ پسماندہ طبقات کے لئے 56.3 فیصد تحفظات فراہم کریں۔ان میں مسلمانوں کے لئے 10 فیصد تحفظات بھی شامل ہیں۔کویتا نے جو آج پدا پلی ضلع کو جارہی تھیں، کچھ دیر کے لئے کریم نگر میں توقف کیا اور کوتی رام پور میں جیوتیبا پھولے کے مجسمہ کو پھول پہنائے۔ انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ انہیں پسماندہ طبقات کی آبادی کے بارے میں جاری کئے گئے اعداد وشمار پر شکوک وشبہات ہیں۔انہوں نے کہا کہ پسماندہ طبقات کی مختلف تنظیموں اور سیاسی جماعتوں کی بھی یہی رائے ہے کہ سروے ٹھیک ڈھنگ سے نہیں کیا گیا۔

○○

سپریم کورٹ کے ججوں جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس ونود چندرن پر مشتمل بنچ نے بی آر ایس کے 7 منحرف ارکان اسمبلی کو نا اہل قرار دینے کیلئے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کی عرضی پر سماعت شروع کردی ہے۔ پہلے دائر کی گئی عرضی کے ساتھ کے ٹی آر کی تازہ عرضی کی سماعت 10 فروری کو ہوگی۔ سپریم کورٹ نے 31 جنوری کو ٹی وینکٹ راؤ، دانم ناگیندر راور کڈیم سری ہری کے خلاف ایسی ہی عرضی کی سماعت کی تھی۔ عدالت نے اِس سے قبل تلنگانہ اسمبلی کے اسپیکر کو ہدایت دی تھی کہ وہ منحرف ارکان اسمبلی کو نا اہل قرار دینے کی درخواستوں پر فیصلہ کے لئے معقول مہلت مقرر کریں۔ اسمبلی کے سکریٹری سے کہا گیا کہ وہ عدالت کو ایک ہفتہ کے اندر اسپیکر کے فیصلہ سے واقف کرائیں۔ بی آر ایس نے اب دیگر منحرف ارکان اسمبلی پوچارم سرینواس ریڈی، بنڈلہ کرشنا موہن ریڈی، کالے یادیا، ٹی پرکاش گوڑ، اریکا پوڑی گاندھی، جی مدھو پال ریڈی اور ایم سنجے کمار کے خلاف عرضیاں دائر کی ہیں۔

○○

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ 3 اکتوبر کو پی ایم انٹرن شپ اسکیم کے آغاز کے بعد سے ملک بھر سے 6 لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ لوک سبھا میں آج ایک تحریری جواب میں کارپوریٹ امور کے مملکتی وزیر ہرش ملہوترا نے کہا کہ اس اسکیم کو زبردست ردِعمل ملا ہے۔ اب تک پائلٹ اسکیم کے تحت پارٹنر کمپنیوں نے ایک لاکھ 27 ہزار انٹرن شپ فراہم کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس اسکیم کا دوسرا مرحلہ اس سال 9 جنوری کو شروع ہوا اور کمپنیوں انٹرن شپ مواقع فراہم کرنے کے عمل میں مصروف ہیں۔

○○

ریاستی حکومت نے شب برات کی تعطیل کا اعلان کردیا ہے۔ شب برأت ہر سال 15 شعبان کو منائی جاتی ہے۔ ریاستی حکومت نے اپنے کیلنڈر میں 14 فروری کو تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ تاہم یہ عام تعطیل نہیں ہوگی بلکہ اختیاری تعطیل ہوگی۔

○○

بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ اِن انڈیا بی سی سی آئی نے مسلسل دوسری مرتبہ انڈر 19 آئی سی سی ویمنس 20-20 ورلڈ کپ جیتنے والی ہندوستانی ٹیم کے لئے 5 کروڑ روپے کے نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔ ہندوستانی ٹیم نے ملیشیاء میں کھیلے گئے ورلڈ کپ میں کامیابی حاصل کی۔ 2023ء میں پہلی مرتبہ ہندوستانی ٹیم نے جنوبی آفریقہ میں کھیلے گئے ورلڈ کپ میں شفالی ورما کی قیادت میں کامیابی حاصل کی تھی اب نیکی پرساد کی قیادت میں ٹیم نے اپنے ٹائٹل کا میابی کے ساتھ دفاع کیا ہے۔

○○

مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے لئے ریلوے بجٹ میں 5 ہزار 337 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ انہوں نے سکندرآباد کے ریل نیلائم میں وڈیو کانفرنس کے ذریعہ منعقدہ اجلاس سے خطاب کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں صد فیصد ریلوے لائنوں کا الکٹریفکیشن مکمل ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں ایک ہزار 226 کلومیٹر کے فاصلہ پر کاوچ سسٹم نصب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ 6 سال کے دوران کاوچ سسٹم کی مکمل طور پر تنصیب ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یو پی اے حکومت نے متحدہ آندھراپردیش میں ریلوے کے لئے 886 کروڑ روپے مختص کئے تھے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ قاضی پیٹ ریلوے اسٹیشن کو ترقی دی جائے گی۔ اسی طرح سکندرآباد

میں سنٹر فار ایکسلنس قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آندھرا پردیش کے لئے 9417 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس پروگرام میں ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر ارون کمار جین، سی پی آر او سری دھر اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

○○

پارلیمنٹ کے مشترکہ سیشن سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پیش کی گئی تحریک پر راجیہ سبھا میں آج مباحث شروع ہوئے۔ بی جے پی کے رکن کرن چودھری نے مباحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے کسانوں کی آمدنی کو دگنا کرنے کے لئے تاریخی اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن پارٹیاں زرعی شعبہ کی ترقی کے لئے حکومت کی کوششوں کے خلاف جھوٹی مہم چلا رہی ہیں۔ بی جے پی کے رکن نے کہا کہ یو پی اے حکومت نے ڈاکٹر سوامی ناتھن کمیٹی کی سفارشات کو بر فدان کی نظر کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے کسانوں کو ان کی پیداوار کے لئے زیادہ آمدنی کو یقینی بنانے کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ ایوان میں اس وقت مباحث جاری ہیں۔ اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھرگے نے مباحث کے دوران بے روزگاری، مہنگائی اور ڈالر کے مقابلہ ہندوستانی روپیہ کی قدر میں گراوٹ کے مسائل اٹھائے۔

○○

ہائیڈرا نے رنگاریڈی ضلع کے شمس آباد میں غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کر دیا۔ سری سمپت نگر میں ہائیڈرا نے 998 مربع گز پارک پر غیر مجاز قبضے کی شکایت پر کارروائی کی۔ ہائیڈرا کے عہدیداروں نے پارک کی زمین پر کھڑے کئے گئے شیڈ اور فینسنگ کو منہدم کر دیا۔ اوٹ پلی گاؤں کے کیپٹن 2 کالونی میں 33 فٹ روڈ پر قبضہ کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے ہائیڈرا نے غیر قانونی دیوار منہدم کر دی۔

○○

کانگریس کے سینئر لیڈر اور تلنگانہ حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی جانب سے کئے گئے ذات پات کے سروے میں 4 فیصد مسلم ریزرویشن کے تحفظ کے لئے مضبوط ثبوت فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سروے سے مسلمانوں کو 4 فیصد تحفظات کا قانونی موقف مضبوط ہوا ہے اور اس سے ناقدین کو خاموش ہونا پڑے گا۔ گاندھی بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محمد علی شبیر نے کہا کہ یہ سروے سماجی انصاف اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کی سمت ایک تاریخ قدم ہے۔

○○